EXPORT-IMPORT BANK
of the UNITED STATES

Ex-Im Bank helps U.S. companies to sustain and create jobs by financing U.S. exports.

PRESS RELEASE
FOR IMMEDIATE RELEASE

ایکس ام بینک امریکی برآمدات برائے پاکستان کے لئے منصوبے کے تحت اضافی رقوم فراہم کرے گا۔

اسلام آباد، 19 مارچ پی آر نیوز وائر ایشیا نیٹ۔

امریکی سیکریٹری خارجہ کولن پاول نے کہا ہے کہ جاری کاروائی امریکہ اور پاکستان کے تعلقات میں مضبوطی کی علامت ہے

امریکہ کا درآمدی و برآمدی ایکس ام بینک پاکستان کے سرکاری شعبہ کو امریکی برآمدات کی خریداری کے لئے رقوم فراہم کرے گا۔اس بات کا اعلان امریکی وزیر مملکت کولن پاول نے آج صبح کیا۔ پاول کا یہ بیان آج صبح پاکستان کے وزیر خارجہ محمود قصوری کے ساتھ ایک اخباری کانفرنس میں آیا۔

ایکس ام بینک کے سرمایہ کی فراہمی پاکستان کو امریکی ساز وسامان اور خدمات کی خریداری کے لئے اس صورت میں کی جائے گی جب سرمایہ کاری کی واپسی کی ضمانت حکومت پاکستان سرکاری سطح پر دے۔

ہے۔

پاکستان سے تجارت میں اب خطرہ کم ہے یہ اہلیت پاکستان میں وقوع پذیر ہونے والی مثبت اقتصادی ترقی کی تصدیق ہے جس میں بیرونی قرضوں میں کمی اور برآمدات اور غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ شامل ہے۔ یہ بات ایکس ام بینک کے چیئرمین فلپ میرل نے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے دونوں ممالک کے مابین بڑھتی ہوئی تجارت کا راستہ کھل گیا ہے اور ایکس ام بینک کو پاکستان کو امریکی برآمدات میں سرمایہ کاری کر کے خوشی ہوگی۔

بینک کے موجودہ اقدام تک ایکس ام بینک نے **1998** سے پاکستان میں اپنے معمول کے پروگرامز کھولے نہیں تھے۔ بینک نے محدود تعداد میں سودوں کی اجازت دی تھی جن میں سرمایہ کی واپسی کی خصوصی ضمانت دی گئی تھی جن میں پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کے لئے تین **777** بوئنگ طیاروں کی درآمد کے لئے طویل مدتی قرضوں کی ضمانت شامل ہے۔ یہ عمل **11** مارچ سے موثر ہوگا۔

ایکس ام بینک اس سال امریکی برآمدات کی فروخت کے لئے مالی امداد کا 70 ویں سالگراہ منا رہا ہے۔ یہ امداد پوری دنیا میں ابھرتی ہوئی منڈیوں کو قرضوں کی ضمانتوں کی فراہمی ، برآمدی کریڈٹ انشورنس اور براہ راست قرضے ہیں۔ مالی سال 2003 میں ایکس ام بینک نے ، جو ایک خودمختار وفاقی ادارہ ہے، دنیا بھر میں امریکی برآمدات میں 14.3 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ۔ ایکس ام بینک کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http/www.exim.gov پر رابطہ کریں۔

ذرائع؛ درآمدی۔ برآمدی بینک، ریاستہائے متحدہ امریکہ۔

رابطہ؛ فل کوگنیا ماریانا او ہے۔ دونوں کا تعلق درآمدی۔ برآمدی بینک ، امریکہ سے ہے۔

فون نمبر +1.202-585-3200

ویب سائٹ http;/www.exim.gov